پاکستان کے تمام مسائل کا حل فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے میں ہے، انور عالم

عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔16، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش مسائل کے حل کیلئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو میدان عمل میں آنا ہوگا اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کرنی ہوگی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے بھی خطاب کیا۔اجلاس میں کراچی کے مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جو شروع دن سے ملک میں حقیقی جمہوریت کے فروغ کیلئے کوشاں ہے اور چاہتی ہے کہ ملک میں حقیقی جمہوریت قائم ہو۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام مسائل کا حل فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے میں ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ ملک بھر کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے میدان عمل میں آ کر عملی جدوجہد کریں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ اپنے اقتدار کے پانچ سال پورے کر رہی ہے اور اس حکومت کے دور میں جتنے کام ہوئے ہیں وہ ملک کی 60 سالہ تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ہوئے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے کہا کہ محنت کش طبقہ کسی بھی ملک کی معاشی ترقی کیلئے لازمی عنصر ہے اور ایم کیو ایم ملک بھر کے عوام کے ساتھ ساتھ محنت کش طبقہ کے مسائل کے حل کیلئے بھی عملی جدوجہد کر رہی ہے۔انہوں نے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے تمام ذمہ داران وکارکنان پر زور دیا کہ وہ آئندہ انتخابات کی تیاریاں شروع کر دیں اور تحریک کے فکر وفلسفہ کو پھیلانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

بلوچستان کا کڑ قبیلے کے حاجی حبیب اللہ کاکڑ اور حکمت خان خلجی کی ساتھیوں سے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کوئٹہ۔۔۔16، نومبر 2007ء

بلوچستان کے پشتون کاکڑ قبیلے سے تعلق رکھنے والے حاجی حبیب اللہ کاکڑ اور حکمت خان خلجی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا اور بلوچستان کے مسئلے پر ایم کیو ایم کی پالیسیوں سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے اپنے متعدد ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم بلوچستان کے صوبائی دفتر بلوچستان ہاؤس میں ایم کیو ایم کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج محمد یوسف شاہوانی، جوائنٹ انچارج کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی، سیکریٹری نشر واشاعت نعیم احمد خان سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی صوبائی کمیٹی کے اراکین ملک جنت گل کاکڑ، ڈاکٹر عبدالغنی کاسی اور جاوید احمد سالانی بھی موجود تھے۔حاجی حبیب اللہ کاکڑ اور حکمت خان خلجی نے ایم کیو ایم کے عہدیداران سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کا منشور غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی امیدوں کا مرکز ہے اور اسی منشور پر عمل پیرا ہو کر ملک بھر کے عوام کو برابری کی بنیاد پر حقوق میسر آ سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا ہے کہ وہ عوام کی بلا امتیاز عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔اس موقع پر ایم کیو ایم بلوچستان کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج محمد یوسف شاہوانی نے حاجی حبیب اللہ کاکڑ اور حکمت خان خلجی کی اپنے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیر مقدم کیا۔

ایم کیو ایم بلوچستان، کوئٹہ سٹی کے کارکن کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کوئٹہ۔۔۔16، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم بلوچستان کوئٹہ سٹی کے کارکن علی احمد کاسی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء مرحومہ کو کوئٹہ کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے انچارج یوسف شاہوانی، فنانس سیکریٹری ندیم احمد شیخ، سیکریٹری نشر واشاعت نعیم احمد خان، صوبائی کمیٹی کے اراکین محمد کامران راجپوت، اکبر مینگل اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیو ایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے انچارج یوسف شاہوانی، جوائنٹ انچارج کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی اور صوبائی کمیٹی کے ارکان نے مرحومہ کے گھر جا کر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی اور مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

☆☆☆☆☆